










# آپ کا شہر۔ آپ کا ووٹ۔


# 22 اکتوبر


## toronto.ca/elections


Call 311

TORONTO







# وارڈ میں تبدیلیاں

**2018** کے بلدیاتی انتخاب کے لیے وارڈ کی حدود میں تبدیلیاں ہوئی ہیں۔ یہ تبدیلیاں **1** دسمبر **2018** کو کونسل کی میعاد شروع ہونے پر لاگو ہوں گی۔ وارڈ کی حد میں ہوئی تبدیلیوں کو بہتر ڈھنگ سے سمجھنے کے لیے آپ یوں کر سکتے ہیں:

- یہ چیک کرنے کے لیے کہ آپ کس وارڈ میں ووٹ ڈالیں گے اور آپ کے وارڈ میں کون انتخاب لڑ رہا ہے **MyVote (toronto.ca/elections/myvote)** کا استعمال کریں
- وارڈ کے نقشے اور ووٹنگ کی جگہیں دیکھیں

ہماری ویب سائٹ **toronto.ca/elections** ملاحظہ کرکے یا **416-338-1111** پر کال کرکے تفصیلات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

# MyVote

**MyVote** کے پاس آپ کو درکار ہر چیز ہے۔ **MyVote** کے ساتھ شروع کرنے کے لیے، اپنا ٹورنٹو کا پتہ درج کریں اور:

- اپنا وارڈ اور نقشہ تلاش کریں
- اپنے وارڈ میں انتخاب لڑنے والے امیدواروں کو دیکھیں
- پتہ کریں کہ آیا آپ رائے دہندگان کی فہرست میں مندرج ہیں
- رائے دہندگان کی فہرست میں اپنی معلومات شامل یا اپ ڈیٹ کریں (**1** اکتوبر تک)
- پتہ کریں کہ کب اور کہاں ووٹ ڈالنا ہے
- اپنا ووٹر کا معلوماتی کارڈ دیکھیں اور پرنٹ کریں
- ووٹ ڈالنے کی اپنی جگہ کے بارے میں رسائی پذیری کی معلومات پتہ کریں (**1** اکتوبر سے شروع)
- اپنے بیلٹ کا ایک نمونہ دیکھیں (**1** اکتوبر سے شروع)

ووٹ ڈالنے کی جگہیں تبدیل ہو سکتی ہیں، لہذا مہربانی کرکے ووٹ ڈالنے کے لیے جانے سے پہلے **MyVote** کو چیک کرتے رہیں۔

## ایک آن لائن ٹول جہاں آپ ووٹ ڈالنے کے لیے خود کو جاننے لائق ہر چیز پتہ کر سکتے ہیں۔

## toronto.ca/elections/myvote

# ووٹ ڈالنے کے مواقع

## کون ووٹ ڈال سکتا ہے

آپ ٹورنٹو کے بلدیاتی انتخاب میں ووٹ ڈال سکتے ہیں اگر:

- آپ ایک کینیڈین شہری ہوں؛ اور
- آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہو؛ اور
- آپ سٹی آف ٹورنٹو کے رہائشی ہوں؛ یا
- آپ ٹورنٹو کے غیر رہائشی ہوں، لیکن آپ یا آپ کے/ کی شریک حیات کے پاس شہر میں اپنا یا کرایے کا ایک رہائشی مکان ہو؛ اور
- آپ کو کسی قانون کے تحت ووٹ ڈالنے سے ممنوع قرار نہیں دیا گیا ہو۔

ٹورنٹو کے بلدیاتی انتخاب میں **آپ صرف ایک بار ووٹ ڈال سکتے ہیں** اس بات سے قطع نظر کہ ٹورنٹو میں آپ کی زیر ملکیت یا کرایے پر کتنے مکانات ہیں۔ **آپ جس وارڈ میں رہتے ہیں وہیں پر آپ کو ووٹ ڈالنا چاہیے۔**

## یوم انتخاب

پیر، 22 اکتوبر 2018، صبح 10 بجے تا رات 8 بجے

## پیشگی ووٹ

بدھ، 10 اکتوبر تا اتوار، 14 اکتوبر صبح 10 بجے تا شام 7 بجے

آپ کے پیشگی ووٹ کے مقامات آپ کے ووٹر کے معلوماتی کارڈ پر ظاہر ہوں گے یا **MyVote** کا استعمال کرکے اسے تلاش کریں۔

اپنا ووٹر کا معلوماتی کارڈ پرنٹ کرنے کے لیے یا جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تب اپنے موبائل ڈیوائس پر اسے دکھانے کے لیے **MyVote** کا استعمال کریں۔

## سٹی ہال

بدھ، 10 اکتوبر تا اتوار، 14 اکتوبر صبح 10 بجے تا شام 7 بجے

آپ **Toronto City Hall, 100 Queen Street W.** میں پیشگی ووٹ کے دوران ووٹ ڈال سکتے ہیں چاہے آپ ٹورنٹو میں جہاں بھی رہتے ہوں۔

## شناخت (ID)

ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو ایسی شناخت دکھانا ضروری ہے جس پر آپ کا نام اور اہل قرار دینے والا ٹورنٹو کا پتہ درج ہو۔

**ووٹنگ کے دنوں میں قطار میں لگنے سے بچیں۔ رائے دہندگان کی فہرست میں شامل ہوں اور اپنا ووٹر کا معلوماتی کارڈ لے کرآئیں۔**

# رائے دہندگان کی فہرست میں شامل ہوں

یہ چیک کرنا ضروری ہے کہ آیا آپ کی معلومات درست ہیں، خاص طور پر پچھلے انتخاب کے بعد سے اگر آپ کہیں منتقل ہو گئے ہیں یا آپ کا نام تبدیل ہو گیا ہے۔ سٹی آف ٹورنٹو کے رائے دہندگان کی فہرست میں شامل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو ایک ووٹر کا معلوماتی کارڈ ملے گا جو رائے دہندگی کی جگہ پر گزرنے والے آپ کے وقت کو تیزگام کرے گا۔

TORONTO
89 Northline Road
Toronto, ON
M4B 3G1

| بلدیاتی انتخابات | |
|---|---|
| سب ڈویژن: 24 | وارڈ: 1 |

CANADA POSTES POST CANADA
Lettermail
Poste-lettres
7102858

VOTE
October 22
toronto.ca/elections

9345678

اہل قرار پانے والے پتہ کے سلسلے میں

| پیشگی ووٹ | |
|---|---|
| 10 تا 14 اکتوبر 2018 – صبح 10 بجے تا شام 7 بجے | |
| ایک مقام پر ووٹ ڈالیں | .Toronto City Hall, 100 Queen St., W<br>Example Community Centre, 123 Example Rd<br>Example Recreation Centre, 231 Example Dr |

| یوم انتخاب | |
|---|---|
| پیر، 22 اکتوبر 2018 – صبح 10 بجے تا رات 8 بجے | |
| ووٹ ڈالیں بمقام | General Public School – GYM<br>LongDrive Stree 2345 |
| آپ کی اسکولی امداد یوں مندرج ہے: فرینچ کیتھولک (French Catholic) | |

جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تو اپنا ووٹر کا معلوماتی کارڈ لے کر آئیں۔

**17** ستمبر سے سٹی آف ٹورنٹو رائے دہندہ کی فہرست میں ترامیم کو قبول کرے گا۔

- آپ **416-338-1111** پر کال کرکے چیک کرکے دیکھ سکتے ہیں کہ آیا آپ رائے دہندگان کی فہرست میں ہیں یا نہیں۔
- آپ سٹی کلرک آفس **(City Clerk's Office)** کے کسی بھی مقام پر رائے دہندگان کی فہرست میں ترمیم کی درخواست بذات خود مکمل کرکے یا **416-338-1111** پر کال کرکے اپنی معلومات شامل یا انہیں اپ ڈیٹ کروا سکتے ہیں۔
- حتمی یوم انتخاب کو رائے دہندگان کی فہرست میں اپنا نام ظاہر کروانے کے لیے، تمام ترامیم **14** اکتوبر تک مکمل ہو جانا ضروری ہے۔ اس تاریخ کے بعد آپ **22** اکتوبر کو ووٹ ڈالنے کے لیے جاتے وقت ووٹنگ کے مقام پر خود کو شامل کروا سکتے ہیں۔

**17 ستمبر سے 1 اکتوبر تک MyVote کا استعمال کرکے آن لائن اپنی معلومات چیک، شامل یا ان میں ترمیم کریں۔**

درج ذیل کاموں کے لیے **MyVote (toronto.ca/elections/myvote)** کا استعمال کریں:

- چیک کرکے دیکھیں کہ آیا آپ رائے دہندگان کی فہرست میں مندرج ہیں
- رائے دہندگان کی فہرست میں اپنا نام شامل کریں
- اپنی رائے دہندہ کی معلومات میں ترمیم کریں

**یاد رکھیں: ووٹ ڈالنے کے لیے جاتے وقت آپ کو ID لانا ضروری ہے، اگرچہ آپ نے رائے دہندگان کی فہرست میں خود کو شامل کر لیا ہو۔**

# رائے دہندگان کے لیے سہولیات

## ووٹنگ کی جگہیں

ووٹنگ کی ساری جگہیں قابل رسائی ہوں گی اور ہر مقام کے بارے میں معلومات ہماری ویب سائٹ: **toronto.ca/elections/voters** پر دستیاب ہیں۔

## قابل رسائی ووٹنگ کے ساز و سامان

ووٹر اسسٹ ٹرمینل **(Voter Assist Terminal)** بیلٹ پر نشان زد کرنے کی ایک ڈیوائس ہے جو معذور اور دیگر خصوصی ضروریات کے حامل رائے دہندگان کو نجی طور پر اور آزادانہ طریقے سے اپنے بیلٹ پر نشان زد کرنے کی سہولت دیتی ہے۔ فونٹ کے سائزوں اور رنگ کے تضاد کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے خصوصیات میں ایک ٹچ اسکرین، ایک آڈیو جز، ایک بریل کی پیڈ، ایک سِپ/ پف **(Sip/Puff)** ٹیوب ڈیوائس، ایک راکر پیڈل/ فوٹ سوئچ **(Rocker Paddle/Foot Switch)** اور زوم کی خصوصیات شامل ہیں۔

ووٹر اسسٹ ٹرمینلز پیشگی ووٹ کے تمام مقامات پر دستیاب ہوں گے۔ اگر آپ کو یوم انتخاب کو ووٹر اسسٹ ٹرمینل استعمال کرنے کی ضرورت ہو اور ووٹنگ کے آپ کے نامزد مقام پر کوئی موجود نہ ہو تو آپ **416-338-1111** پر کال کرکے اپنا بیلٹ منتقل کروانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## ووٹنگ پراکسی

اگر کسی وجہ سے آپ ووٹنگ کے دستیاب دنوں میں سے کسی بھی دن ووٹ ڈالنے سے قاصر ہوں تو آپ ووٹنگ پراکسی اپائنٹمنٹ **(Voting Proxy Appointment)** فارم مکمل کرکے اپنی جانب سے ووٹ ڈالنے کے لیے ایک پراکسی بحال کر سکتے ہیں۔

ووٹنگ پراکسی اپائنٹمنٹ فارمز یوم انتخاب تک سٹی کلرک کے آفس کے کسی مقام سے لے کر اس کی تصدیق کروا سکتے ہیں۔ مزید معلومات انتخاب کی خدمات کی ویب سائٹ: **toronto.ca/elections/voters** پر مل سکتی ہیں۔

## دیگر خدمات

- ووٹ ڈالنے کے طریقے کی بات تحریری ہدایات ووٹنگ کی تمام جگہوں پر بریل میں اور **26** زبانوں میں دستیاب ہیں۔
- کم بصارت والے رائے دہندگان کی اعانت کرنے کے لیے ووٹنگ کے تمام مقامات پر میگنیفکیشن شیٹس دستیاب ہوں گی۔
- اگر آپ جسمانی لحاظ سے ووٹنگ کی جگہ میں داخل ہونے سے قاصر ہوں تو آپ ووٹنگ کی جگہ میں ہی دوسرے حصہ میں اعانت کروانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ مثلاً پارکنگ لاٹ یا سڑک کے کنارے۔ مزید معلومات کے لیے **416-338-1111** پر کال کریں۔
- بہرے یا اونچا سننے والوں کے لیے انتخاب سے متعلق معلومات **TTY** لائن کو **(0889) 416-338-OTTY** پر کال کرنے پر دستیاب ہیں۔
- اگر آپ خود سے اپنے بیلٹ پر نشان ڈالنے سے قاصر ہوں تو آپ اپنی مدد کے لیے کسی دوست کو بھی ساتھ لا سکتے ہیں یا آپ کسی انتخابی عہدیدار سے اعانت طلب کر سکتے ہیں۔
- ووٹنگ کی تمام جگہوں پر معاون افراد اور خدمت کے جانوروں کا خیر مقدم ہے۔

اگر ان میں سے کسی بھی سہولت سے آپ کی ضرورتیں پوری نہیں ہوتی ہیں تو ہمیں **416-338-1111** پر کال کریں۔

**اگر آپ کو ووٹ ڈالنے میں رکاوٹ کا سامنا ہوتا ہے تو ہم سے 416-338-2020 پر رابطہ کریں۔**

# قابل قبول شناخت نامہ

ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کے جاتے وقت شناخت نامہ (ID) مطلوب ہوتا ہے۔ ایک عدد شناخت نامہ (ID) یاد سے لائیں جس پر آپ کا نام اور اہل قرار پانے والا ٹورنٹو کا پتہ درج ہو۔ آپ کا ووٹر کا معلوماتی کارڈ ایک عدد ID کے بطور استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔

## قابل قبول ID کی مثالیں:

- اونٹاریو کا جاری شدہ با تصویر کارڈ، ڈرائیونگ لائسنس یا موٹر گاڑی کا پرمٹ (گاڑی کا حصہ)۔
- منسوخ شدہ ذاتی نوعیت کا چیک، کریڈٹ کارڈ یا بینک کھاتے کا اسٹیٹمنٹ ۔
- ہائیڈرو، ٹیلیفون یا کیبل TV، پانی، گیس کا یوٹیلیٹی بل یا پبلک یوٹیلیٹیز کمیشن کی جانب سے بل۔
- آجر کے جاری کردہ چیک کی رسید، T4 اسٹیٹمنٹ یا ادائیگی کی رسید۔
- اونٹاریو ورکس (Ontario Works) یا اونٹاریو ڈس ایبلیٹی سپورٹ پروگرام (Ontario Disability Support Program) کے لیے ڈائرکٹ ڈپازٹ کا اسٹیٹمنٹ۔
- جائیداد ٹیکس کی تشخیص، انکم ٹیکس کی تشخیص کا نوٹس، چائلڈ ٹیکس بینیفٹ (Child Tax Benefit) کا اسٹیٹمنٹ۔
- رہن کا اسٹیٹمنٹ، لیز یا کرایے کا معاہدہ۔
- ثانوی کے بعد والے اسکول سے نقل حرفی یا رپورٹ کارڈ۔
- کیمپس میں رہائش کو بتانے والی دستاویز، جو ثانوی کے بعد والے ادارے میں طالب علم کی رہائش کے ذمہ دار دفتر یا عہدیداروں کا جاری کردہ ہو۔
- حکومت کینیڈا، اونٹاریو یا اونٹاریو کی بلدیہ کی جانب سے کوئی دیگر دستاویز یا اونٹاریو کی عدالت سے جاری شدہ یا تصدیق شدہ دستاویز۔
- انڈین ایکٹ (Indian Act) (کینیڈا) کے تحت قائم شدہ اونٹاریو کی بینڈ کونسل (Band Council) کی جانب سے کوئی دستاویز۔
- بیمہ پالیسی یا بیمہ کا اسٹیٹمنٹ۔
- لون کا معاہدہ یا کسی مالیاتی ادارے کے ساتھ دیگر مالیاتی معاہدہ۔
- ایمپلائمنٹ انشورنس بینیفٹس کے ادا کردہ T4E کا اسٹیٹمنٹ۔
- اولڈ ایج سیکیورٹی T4A (OAS)، کینیڈا پینشن پلان بینیفٹس T4A (P)، کینیڈا پینشن پلان کے زر تعاون کا اسٹیٹمنٹ ۔
- جائے کار میں تحفظ اور بیمہ بورڈ (Workplace Safety and Insurance Board) کے بینیفٹس کا اسٹیٹمنٹ T5007۔
- CNIB کارڈ یا معذور افراد کو خدمات فراہم کرنے والی دیگر رجسٹرڈ رفاہی تنظیم کا کارڈ۔
- طویل مدتی نگراں خانوں سے متعلق ایکٹ، 2007 کے تحت طویل مدتی نگراں خانے میں رہائش کو بتانے والی دستاویز، جو اس گھر کے منتظم کا جاری کردہ ہو۔
- ہسپتال کا کارڈ یا ریکارڈ۔

**اگر آپ کے پاس قابل قبول ID نہ ہو اور رائے دہندگان کی فہرست میں مندرج نہ ہوں تو ایک بیلٹ حاصل کرنے کے لیے آپ سے ایک شناخت لے کر واپس آنے کو کہا جائے گا۔**

# اکتوبر کی کلیدی تاریخیں

**10 اکتوبر تا 14 اکتوبر:** پیشگی ووٹ صبح 10 بجے تا شام 7 بجے

**14 اکتوبر:** پیشگی ووٹ کا آخری دن

**22 اکتوبر:** یوم انتخاب صبح 10 بجے تا رات 8 بجے

---

## سٹی کلرک آفس کے مقامات

پیر تا جمعہ، صبح 8:30 بجے تا شام 4:30 بجے درج ذیل مقامات پر:

- Toronto City Hall, 100 Queen St. W., 1st Floor North
- Etobicoke Civic Centre, 399 The West Mall, Main Floor
- North York Civic Centre, 5100 Yonge St., Ground Floor
- Scarborough Civic Centre, 150 Borough Drive., 3rd Floor
- Toronto Election Services Office, 89 Northline Road

## ہم سے رابطہ کریں

ویب: toronto.ca/elections
ای میل: elections@toronto.ca
انتخاب کی خدمات: 416-338-1111
رسائی پذیری کی سہولیات: 416-338-2020
رسائی پذیری سے متعلق ای میل: accessibleelections@toronto.ca
TTY: 416-338-0889

**@torontovotes**

**@torontovotes**

**Toronto Votes**